Jubilee
FAMILY TAKAFUL

**Jubilee Life Insurance Company Limited-Window Takaful Operations**



# جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان

بنك دبي الإسلامي
Dubai Islamic Bank

# جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان

عالیشان اپنے نام کی طرح ایک ایسا پلان ہے جو جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز نے اپنے ڈسٹریبیوشن پارٹنر دبئی اسلامک بینک کے ساتھ یہ شروع کیا ہے اور ممکن حد تک بہترین انداز سے سیونگز یا پروٹیکشن کے ذریعے آپ کی مدد کرتا ہے۔ عالیشان کسی بھی دوسرے تکافل پلان کے مقابلہ میں آپکے خوابوں کی بہتر تعبیر دیتا ہے۔

جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان میں ایک اہم بات یہ ہے کہ آپ پہلے ہی سال مارکیٹ میں موجود کسی بھی پلان کے مقابلے میں بہت تیزی سے اپنی سرمایہ کاری کے ذریعے سیونگز کے اہداف تک پہنچ سکتے ہیں۔ یہ خاص طور پر ان کامیاب لوگوں کے لئے تیار کیا گیا ہے جو اپنی زندگی میں کچھ اضافی نعمتوں کے خواہشمند ہیں۔ یہ ایک ایسا پلان ہے جو آپ کی سیونگز میں تیزی سے اضافہ کرتا ہے اور ضرورت کے موقع پر آپ کی خواہش کے مطابق آپکے پیاروں کے لئے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ خاص طور پر کسی فیملی تکافل پلان کے خواہشمند ہیں جو کہ آپکو شریعت کے اصولوں کے مطابق بہترین منافع فراہم کرسکتا ہو تو جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان ایک بہترین انتخاب ثابت ہوگا۔

## پراڈکٹ کی خصوصیات:

- اپنے کنٹری بیوشن میں اضافے کے ذریعے افراطِ زر پر قابو پانے کا اختیار
- اپنے تحفظ کو بڑھانے کے لیے کسی بھی اضافی اختیاری فوائد کا انتخاب
- اپنے فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو جزوی یا کلی طور پر نکلوانے کی سہولت
- اضافی بچت کے ساتھ اپنی سرمایہ کاری کو Top-up کرنا
- **پارٹیسپنٹ ممبرشپ دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر ممبرشپ کو منسوخ کرواسکتا ہے۔**

## تکافل کیا ہے؟

تکافل عربی زبان کا ایک لفظ ہے، جسکا مطلب باہم ایک دوسرے کا ضامن بننا ہے یہ ایک مشترکہ پولنگ سسٹم ہے جو کہ بھائی چارہ اور باہمی تعاون کی بنیاد پر مبنی ہے جہاں پارٹسپنٹس ضرورت کے موقع پر مشترکہ فنڈ سے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

## تکافل کے بنیادی اصول:

1۔ پارٹسپنٹس "تبرّع" کی بنیاد پر ایک دوسرے کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کیلیئے وقف پول میں ایک مقرّرہ رقم ادا کرتے ہیں جسے "کنٹری بیوشن" کہا جاتا ہے اور اس فنڈ کو "وقف فنڈ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔
2۔ ونڈو تکافل آپریٹر بحثیت وکیل وقف فنڈ کا انتظام و انصرام کرتا ہے جسے انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ (IFTPF) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔
3۔ کلیمز کی ادائیگی انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ (IFTPF) سے کی جاتی ہے۔
4۔ سرپلس ہونے کی صورت میں IFTPF میں موجود رقم کی تقسیم شریعہ ایڈوائزر اور کمپنی کے منتخب کردہ ایکچوریز کی منظوری سے کی جاتی ہے۔

## فیملی تکافل پلان کیا ہے؟

فیملی تکافل پلان باہمی تعاون، استحکام اور کمیونٹی کے فوائد کے لئے شرعی اصولوں کی مدد سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ تکافل کے زیرِ انتظام افراد باہمی تعاون کی بنیاد پر آپس میں ایک دوسرے کے مستقبل میں ہونے والے خطرات کو تقسیم کرتے ہیں۔

## جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان

جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان آپکے اور آپکی فیملی کیلیئے بہترین انتخاب کا موقع فراہم کرتا ہے، جسمیں آپ شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کر سکتے ہیں، جو کہ نہ صرف آپکو ذہنی سکون دیتا ہے بلکہ مالی اعتبار سے بھی استحکام بخشتا ہے، آپکا کنٹری بیوشن پہلے ہی دن سے آپکی مرضی کے

مطابق حکمت عملی کیساتھ سرمایہ کاری میں لگایا جاسکتا ہے، اسکا مطلب یہ ہے کہ آپکی کیش ویلیو کا آغاز پہلے ہی دن سے ہوسکتا ہے، اگر آپکو مستقبل میں کوئی مالی ضرورت ہوتو جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان اس مقصد کے حصول میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

یہ پلان مستقبل میں آپکی فیملی کو مالی خطرات سے تحفّظ کی یقین دہانی کراتا ہے، خدانخواستہ آپکے دنیا میں نہ رہنے کی صورت میں پلان کے فوائد آپکی فیملی کو انفرادی فیملی تکافل شرکا کے فنڈ (IFTPF) سے دیئے جائیں گے اور یہ یقین دہانی بھی کراتا ہے کہ جب آپکی فیملی کو آرام دہ زندگی کیلئے شدید مالی ضرورت ہوگی تو یہ پلان مالی تعاون کے ساتھ ساتھ حفظان صحت اور اعلیٰ تعلیم کی سہولت بھی فراہم کرے گا۔



## اس پلان کے کیا فوائد ہیں؟

پارٹسپنٹ جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان میں سیونگز اور تحفظ کی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر اور بھی فوائد حاصل کرسکتا ہے۔

## تکمیلِ مدت کے فوائد:

رکنیت کی مدت مکمل ہونے پر پارٹسپنٹ کو پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں موجود اثاثہ کی قدر نقد ادا کی جائیگی ،مزید بہتر انداز سے سمجھنے کیلئے ہمارے متعلقہ افراد سے رابطہ کیا جائے۔

## انتقال کی صورت میں:

یہ پلان آپ سے وابستہ ضروریات کا تحفظ کرتا ہے جس میں آپکا تحفظاتی کور سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن کا 5 سے 25 کور ملٹیپل ہوسکتا ہے، اگر پارٹسپنٹ رکنیت کے مکمل ہونے سے پہلے انتقال کر جائے تو نومینی (منتخب کردہ شخص) کو انڈر رائٹنگ کی بتائی ہوئی تفصیلات کیمطابق موجودہ اثاثہ کی قدر نقد یا تحفظاتی فنڈ کی رقم (میں سے جو زیادہ ہو) ادا کردی جائیگی۔

## ضمنی اختیاری تکافل فوائد: (Supplementary Optional Takaful Benefits)

مندرجہ ذیل ضمنی تکافل فوائد اس پلان کا حصہ نہیں ہیں پارٹسپنٹ یہ فوائد اپنے تحفظ کو مزید مستحکم کرنے کے لئے حاصل کرسکتا ہے۔

### ضمنی تکافل فائدہ برائے مکمل اور مستقل معذوری:
### (Permanent and total Disability Supplementary Takaful Benefit)

اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کو مکمل اور دائمی معذوری کی صورت میں تمام فوائد ادا کردیئے جائینگے۔

### ضمنی تکافل فائدہ برائے معافی اقساط: (Waiver of Contribution Supplementary Takaful Benefit)

اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کی بقیہ تمام اقساط جوبلی فیملی تکافل کی طرف سے ادا کی جائیں گی بشرطیکہ پارٹسپنٹ حادثہ یا بیماری کی صورت میں اپنی تعلیم کے مطابق کسی پیشہ یا فن اختیار کرنے میں چھ ماہ تک قادر نہ ہو سکے۔

### ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت : (Accidental Death Supplementary Takaful Benefit)

اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کے منتخب کردہ وارث یا ئی ورثاء کو حادثاتی موت کی صورت میں نقد رقم ادا کی جائیگی۔

### ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت یا جزوی مستقل معذوری:
### (Accidental Death or Dismemberement Supplementary Takaful Benefit)

اس ضمنی فائدہ کے تحت حادثاتی موت یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کی صورت میں معذوری کی شدت کے مطابق مکمل یا جزوی فوائد کی ادائیگی کی جائیگی۔

### ضمنی تکافل فائدہ برائے خطرناک امراض: (Critical Illness Supplementary Takaful Benefit)

اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹیسپنٹ کو 18 خطرناک بیماریوں میں سے کسی ایک کے لاحق ہونے کی صورت میں یکمشت رقم ادا کی جائیگی۔

### ضمنی تکافل فائدہ برائے خاندانی سہ ماہی آمدنی : (Family Income Supplementary Takaful Benefit)

یہ پلان پارٹسپنٹ کو سہ ماہی آمدنی کا موقع فراہم کرتا ہے جو اس بات کی یقین دہانی کراتا ہے کہ پارٹسپنٹ کی فیملی پارٹسپنٹ کی ناگہانی موت کی صورت میں دی جانے والی آمدنی کی مدد سے اپنے معیارِ زندگی کو برقرار رکھ سکے۔

### جوبلی میڈی پیل اختیاری تکافل فائدہ: (Jubilee MediPal Supplementary Takaful Benefit )

اس اختیاری فائدہ کے تحت کسی حادثے یا بیماری کی صورت میں اسپتال میں داخلے اور علاج کے لئے 250,000 روپے تک کی مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ پارٹسپنٹ میڈی پیل میں اپنے/اپنی شریکِ حیات کو بھی شامل کرسکتا ہے۔ پارٹسپنٹ کسی بھی منظور شدہ ہسپتال سے بلا معاوضہ نجی کمرے کی سہولت کے ساتھ اعلیٰ معیار کی طبّی سہولیات حاصل کرسکتا ہے۔

مزید معلومات کے لئے جوبلی میڈی پیل اختیاری تکافل فائدہ کا علیحدہ کتابچہ ملاحظہ فرمائیں۔

## اس پلان میں فنڈ کا انتخاب کس طرح کیا جاتا ہے؟

اس پلان میں پارٹسپنٹ کی جانب سے دیئے جانے والے کسی بھی کنٹری بیوشن کی، مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک یا دونوں شریعہ کمپلائنٹ فنڈ زمیں سرمایہ کاری کی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| فیملی تکافل انکم فنڈ | فیملی تکافل انکم فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹ میں سرمایہ کاری کرکے درمیانی مدت سے طویل مدتی تک کم سے کم خطرہ کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ |
| فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ | فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹ کی وسیع رینج کے بیلنسڈ پورٹ فولیو کے ساتھ سرمایہ کاری پر مسابقتی منافع فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ |

آپ کے کنٹریبیوشن کو بطور ڈیفالٹ فیملی تکافل انکم فنڈ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز میں مختص کیا جائے گا جو درمیانی مدت سے طویل مدتی تک ، مختلف شرعی مطابقت رکھنے والے سیکیورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں بشمول منی مارکیٹ اور ڈیٹ انسٹرومنٹ سرمایہ کاری کرکے کم سے کم خطرہ کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرتا ہے۔ اس کی ایکویٹی سیکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم ، آپ کے پاس اعلانیہ فارم پر دستخط کرکے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

ان فنڈز کا انتظام ماہر انوسمنٹ مینیجرز کے ذریعہ شریعہ ایڈوائزر کی رہنمائی میں کیا جاتاہے تاکہ سخت شرعی تعمیل کے تحت قابل انتظام اور برداشت خطرے کے ساتھ مطلوبہ منافع کو یقینی بنایا جاسکے۔

منصوبے کی مدت کے دوران آپ کے کنٹریبیوشن سے سرمایہ کاری کے منافع حاصل ہوں گے۔ منتخب شدہ مدت کے اختتام پر ، آپ کو اپنی جمع شدہ نقد قیمت یکمشت میں مل جائے گی۔

**نوٹ:** ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان فنڈز میں سے کسی کی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔

جوبلی لائف فیملی تکافل کے فنڈز کی یونٹ کی قیمتیں باقاعدگی سے معروف روزناموں میں اور جوبلی لائف فیملی تکافل کی ویب سائٹ www.jubileefamilytakful.com پر شائع ہوتی ہیں۔

## شریعہ کمپلائنٹ فنڈز کیا ہیں؟

وہ فنڈز جہاں شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی جاتی ہے جس میں اسلامک ایکویٹیز ،صکوک، اسلامک ٹرم سرٹیفیکیٹس ، اسلامک میوچل فنڈز اور اسلامی بینک انسٹی ٹیوشنز وغیرہ شامل ہیں جو کہ ربا (سود)، قمار (جوا)، غرر (دھوکہ) جیسی خرابیوں سے پاک ہیں۔

## ہمارے شریعہ ایڈوائزر

ہماری تمام پروڈکٹس ایک ماہر باصلاحیت شرعی ایڈوائزر کی زیرنگرانی شریعت کے اصولوں کے مطابق منظور شدہ ہوتی ہیں۔

اسکے ساتھ ساتھ شریعہ کمپلائنز ڈیپارٹمنٹ سرمایہ کاری اور آپریشنل مسائل کو شریعت کے اصولوں کے مطابق راہنمائی اور حل فراہم کرتا ہے۔

کمپنی کے شریعہ کمپلائنز کو مزید مستحکم کرنے کیلئے ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ بھی کیا جاتا ہے۔

## اس پلان میں فنڈ کو کس طرح تقسیم کیا جاتا ہے؟

| ممبرشپ کے سال | مختص ہونے والی % |
|---|---|
| 1 سال | 60% |
| 2 سال | 95% |
| 3 سال اور آئندہ سال | 100% |

ٹاپ اپ کئے جانے والے کنٹری بیوشن کی ایلوکیشن **100%** ہو گی۔

جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان کے تحت ، پانچویں سال سے اور اس کے بعد جوبلی لائف انشورنس - ونڈو تکافل آپریشنز اپنے صارفین کو یونٹ اکاؤنٹ میں بونس الاٹمنٹ دے گا۔ یہ مندرجہ ذیل جدول کے مطابق فراہم کیا جائے گا۔

| بونس کی فیصد رقم* | ممبر شپ کا سال |
|---|---|
| 3% | 5 سال |
| 7% | 7 سال |
| 15% | 10 سال |
| 20% | 15 سال |
| 25% | 20 سال |
| 30% | 25 سال |

آپ ممبرشپ سال 5، 7، 15، 20، 25 میں 100 فیصد سے زیادہ بونس مختص کریں گے ، جیسا کہ اوپر ٹیبل میں دکھایا گیا ہے۔

ٹاپ اپ کئے جانے والے کنٹری بیوشن کی ایلوکیشن 100% ہو گی۔

## کم سے کم بنیادی کنٹری بیوشن کتنا ہوسکتا ہے؟

اس پلان میں کم سے کم بنیادی کنٹری بیوشن 250,000 روپے سالانہ، 125,000روپے شش ماہی، 62,500 روپے سہ ماہی اور 20,834 روپے ماہانہ ہے۔

## ٹاپ اپ کنٹری بیوشن کیا ہے؟

یہ ایک طویل المیعاد سیونگ اور تحفظ فراہم کرنے والا پلان ہے جسمیں بنیادی کنٹری بیوشن کے علاوہ ٹاپ اپ کی سہولت موجود ہے یہ وہ اضافی رقم ہے جو پلان میں قدر نقد میں اضافہ کرنے میں مئوثر کردارادا کرتی ہے جو%100 تک آپکے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں شامل ہوجاتی ہے۔

## کنٹری بیوشن کی ادائیگی میں کیا سہولت ہے

جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان آپکو یہ سہولت فراہم کرتا ہے کہ آپ اپنا کنٹری بیوشن باآسانی سالانہ، شش ماہی، سہ ماہی اور ماہانہ طور پر ادا کرسکتے ہیں۔

## کنٹری بیوشن میں انفلیشن کے مطابق اضافہ

آپکے سم کورڈ اور کنٹری بیوشن میں ہر سال ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے بیان کردہ بغیر کسی میڈیکل چارجز کے ازخود ہی اضافہ ہوتا رہے گا آپکو بالکل یہ حق بھی حاصل ہے کہ آپ اس اضافہ کی رقم کو تسلیم نہ کریں اور اپنے پلان کو اپنی شرائط وضوابط پر قائم رکھیں یا اپنی ضروریات کے مطابق کم اضافہ کریں۔

## یہ پلان کون حاصل کرسکتا ہے؟

| تفصیل | کم ازکم عمر | زیادہ سے زیادہ عمر |
|---|---|---|
| ابتدائی عمر | 18 سال | 65 سال |
| پلان کی مدت | 10 سال | 25 سال* |
| * تکمیل مدت کی حد 75 سال تک ہے۔ | | |

## اس فنڈ کا انتظام کیسے کیا جائے گا؟

شریعہ ایڈوائزر کی زیرِنگرانی باصلاحیت وتجربہ کار سرمایہ کاری کی ٹیم اس فنڈ کا انتظام وانصرام کرتی ہے تاکہ آپ کو شرعی اصولوں کے مطابق زیادہ سے زیادہ منافع فراہم ہوسکے۔

## کیا میں ضرورت کے وقت اپنے پلان سے جزوی یا مکمل رقم حاصل کرسکتا ہوں؟

جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان کے تحت آپکو یہ اختیار حاصل ہے کہ آپ اپنی سرمایہ کاری کے اکاؤنٹ سے جزوی رقم حاصل کریں یا آپ اپنا پلان مکمل ختم کریں۔

### جزوی رقم حاصل کرنا

اگر آپ اچانک درپیش ضرورت کی وجہ سے ممبر شپ کو ختم کئے بغیر رقم نکلوانا چاہیں تو آپ کم از کم نکالی جانے والی حد تک رقم نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ کے اکاؤنٹ میں باقی ماندہ کیش ویلیو 250,000 روپے یا اس سے زائد ہو۔

### مکمل رقم حاصل کرنا

آپ کسی بھی وقت اپنے پلان کو سرینڈر کر سکتے ہیں۔ مکمل دستبرداری کے وقت آپ کو فنڈ میں موجود نقد رقم ادا کر دی جائے گی اگر ممبر شپ کے قریب ترین سالوں میں مکمل دستبرداری کی گئی تو کیش ویلیو کم ہو سکتی ہے۔

## اس پلان میں کیا چارجز شامل ہیں؟

جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان میں مندرجہ ذیل فیس شامل ہیں۔

| وکالتہ الاستثمار *(درج ذیل پر مشتمل ہے) | |
|---|---|
| ابتدائی چارج | 5% بڈ آفر اسپریڈ |
| ایلوکیشن فیس | باقاعدگی سے دیئے جانے والے کنٹری بیوشن میں سے بچنے والی تمام رقم جو پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں ایلوکیٹ نہیں ہوئی ہو۔ |
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ فیس | سالانہ 1.5% نیٹ ایسٹ ویلیو PIA کا حصہ ہوگا۔ |
| ایڈمن فیس* | ہر ماہ 245 روپے |
| تکافل کنٹری بیوشن | SECP سے منظور شدہ اصولوں کے مطابق PIA اکاؤنٹ سے کنٹری بیوشن کی کٹوتی ہوگی اور IFTPF میں منتقل ہوگی، اور تحفظاتی فوائد کی ادائیگی IFTPF سے کی جائیگی۔<br>۔ ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% پارٹسپنٹ ممبر شپ (PMD) میں موجود تفصیلات کے مطابق فوائد کی ادائیگی کیلئے مختص ہوگا۔<br>۔ ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% ضمنی تکافل فوائد کے ستاویزات میں موجود تفصیلات کے مطابق ضمنی تکافل فوائد کی ادائیگی کیلئے مختص ہوگا۔ |
| IFTPF سے وصول کی جانے والی وکالہ فیس* | (IFTPF) سے واکالہ فیس کے طور پر کٹوتی کی جاتی ہے |
| فنڈ سوئچنگ فیس | PKR 500 فی سوئچ اگر ممبر شپ سال میں چار (4) سے زیادہ حاصل کیے جائیں۔ |
| مضارب شیئر*<br>سرمایہ کاری کی آمدنی سے شراکت | ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب)، IFTPF (رب المال) کے (راس المال) کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع کا 40% مضاربہ کی بنیاد پر حاصل کرے گا۔ |

*ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے اس میں تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔

## منافع کی تقسیم

تکافل اپنے پارٹسپنٹ کو صرف تحفظ ہی نہیں بلکہ IFTPF میں بچ جانے والی رقم (سرپلس) بھی پیش کرتا ہے جو عقد تبرّع کی بنیاد پر دی گئی رقوم سے کلیمز کی ادائیگی اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعد درج ذیل ترتیب سے ادا کئے جائینگے۔

1۔ فنڈ کا ایک حصہ وقف پول کو مستقبل میں مستحکم کرنے کیلئے مختص کیا جائیگا تاکہ آئندہ آنے والے بڑے کلیمز کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرسکے۔

2۔ باقی موجودہ رقم (سرپلس) پارٹسپنٹس میں منصفانہ طور پر تقسیم کئے جائیں گے۔

ونڈو تکافل آپریٹر کسی بھی صورت میں سرپلس اپنی ملکیت میں نہیں لے سکتا۔ سرپلس ہمیشہ پول اور عوام کے مفاد میں استعمال کئے جائیں گے۔

## فری لُک پیریڈ

جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان آپکو آفر کرتا ہے 14 دن کا فری لک پیریڈ جس میں آپ پلان کے تمام اصول وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور ممبرشپ ختم کرسکتے ہیں، جبکہ آپ کا کنٹری بیوشن، ممبرشپ کے جاری ہونے کی تاریخ کے مطابق 14 دن کے اندر دی جانے والی درخواست پر آپکو واپس کردیا جائیگا۔ جس میں آپکی میڈیکل فیس اور دیگر اخراجات کی کٹوتی شامل ہوگی اور اگر آپ کے کنٹری بیوشن سے IFTPF میں کوئی رقم مختص ہوئی تو اُس کی کٹوتی بھی کی جاسکتی ہے۔

## ضروری معلومات

- یہ پروڈکٹ ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ دبئی اسلامک بینک اس سے متعلقہ کسی چیز کا ضامن نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ پروڈکٹ بینک کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔
- ونڈو تکافل آپریٹر اپنے موجودہ فنڈ سے متعلق مستقبل کیلئے کوئی پیشن گوئی فراہم نہیں کرے گا۔ فنڈ سے متعلق بتائی گئی کسی پیشن گوئی کا ونڈو تکافل آپریٹر ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ہی بینک ضامن ہوگا۔
- ذاتی السٹریشن تکافل کنسلٹنٹ کی جانب سے فراہم کی جائیگی۔ ازراہ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط اچھی طرح سمجھ لیں۔
- براہ کرم پارٹسپنٹ ممبرشپ دستاویز (PMD) پر دی گئی تفصیلات اور مختلف شرائط اچھی طرح سمجھ لیں۔
- ممبرشپ حاصل کرتے وقت پارٹسپنٹ کی عمر 55 سال ہو یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہو تو (میڈی پیل کے علاوہ) ضمنی تکافل فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔

- دبئی اسلامک بینک ونڈو تکافل آپریٹر کی پروڈکٹ کو مہیا کرنے والا ہے۔ دبئی اسلامک بینک فوائد حاصل کرنے والے یا کسی بھی فرد کے لئے ضامن نہیں ہوگا۔
- جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز IFTPF کی جانب سے اس تکافل کور کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندا ہے اور ممبر شپ کی خدمت، لاجمنٹ، پروسیسنگ اور کورڈ کسٹمرز اور بنیفیشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔
- سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پارٹیسپنٹ برداشت کرے گااور تکمیل مدت کے وقت یا ممبر شپ ختم کرنے کے وقت اصل رقم متوقع رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔اگر پارٹیسپنٹ پہلے سے طے شدہ فنڈ کے علاوہ کسی اور فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کے لیےاعلامیہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔
- ازراہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ رجوع کریں۔

(https://jubileefamilytakaful.com/jubilee-family-takaful-funds/fund-manager-reports/)


**رابطے کے لئے تفصیلات:**

**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

ونڈو تکافل آپریشنز

A-74/1، لالہ زار، مولوی تمیزالدین خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان۔

فون نمبر: (021) 32120201, 35205094

فیکس نمبر: (021) 35610959

یو اے این: (021) 111-111-554

ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں

ای میل: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

# جوبلی فیملی تکافل ۔ جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کا **جوبلی عالیشان صحت تکافل پلان** وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

لہٰذا میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے جوبلی فیملی تکافل جوبلی **عالیشان صحت تکافل پلان** کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

**مفتی ذیشان عبدالعزیز**

شرعی مشیر: جوبلی لائف انشورنس کمپنی ۔ ونڈو تکافل آپریشنز